© rasailojaraid.com



# یاایھاالرسول اور یاایھاالنبی
# کے
# قرآنی خطابات اور ان کی معنویت

ڈاکٹر محمد ہمایوں عباس*

قرآن کریم میں انبیائے کرام علیھم السلام کے قصے بیان ہوئے ہیں۔ ان کی حیثیت تاریخی سے زیادہ تربیتی ہے۔ ان واقعات میں انبیائے کرام علیھم السلام کے اسمائے مبارکہ کا تذکرہ بھی ہوا اور بعض مقامات پر انبیائے کرام کو اللہ رب العزت کی طرف سے خطاب بھی کیا گیا۔ ان الٰہی خطابات میں نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جہاں بھی خطاب فرمایا تو وہ منفرد نوعیت کا ہے اور آپ کی عظمت و رفعت کا مظہر ہے۔ من جملہ دیگر ندائیہ کلمات کے، یاایھاالرسول اور یاایھاالنبی بھی ہیں۔ زیر نظر مقالہ میں نبی اور رسول میں فرق کے حوالہ سے علماء کے نقطہ ہائے نظر اور اُن آیات کی مختصر سی وضاحت پیش کرنے کی سعی کی گئی ہے جن میں آپ کو ان دونوں القابات سے خطاب فرمایا گیا۔

## (۱) نبی [1] اور رسول میں فرق:-

نبیؔ" کا لفظ نبأ" سے مشتق ہے اور اس کا معنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے خبر دینے والا ہے۔[2]

لیکن نبأ" ہر خبر کو نہیں کہتے بلکہ وہ خبر ۱۔ جو نہایت فائدہ مند ۲۔ اہم اور عظیم
۳۔ اور اس کو سن کر غلبہ ظن حاصل ہو، ہی نبأ کہلائے گی۔[3]

اگر اس لفظ کا مادہ اشتقاق النبوۃ یا النباوۃ ہو تو اس کا معنی بلند اور اونچی چیز ہے چونکہ نبی حسی اور معنوی طور پر دیگر مخلوقات سے ہر اعتبار سے اشرف و اعلیٰ ہوتے ہیں اس لئے انہیں نبی کہتے ہیں۔ صاحب لسان العرب کے بقول وان اخذ من النبوۃ والنباوۃ وھی الارتفاع عن الارض اوھی الشیء المرتفع ای انہ اشرف علی سائر الخلق۔[4]

---

*اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ جی سی یونیورسٹی لاہور۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یوسف الصالحی نے بھی ایسا ہی جملہ لکھا۔

وھی الرفعة لان رتبته مرفوعة علی سائر الخلق. ۵

امام راغب اس لفظ کے لغوی پہلوؤں پر بحث کرنے کے بعد لکھتے ہیں: النبوة سفارة بین اللّٰہ وبین ذوی العقول من عباده لازاحة علتھم فی امر معادھم ومعاشھم والنبی لکونه منبأً بما تسکن الیه العقول الذکیة. ۶

نبوت اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان پیغام رسانی کو کہتے ہیں جس سے ان کی دنیوی اور اخروی بیماریاں دور ہوتی ہیں اور نبی ایسی باتوں کی خبر دیتا ہے جس سے عقل سلیم کو تسکین ہوتی ہے۔

صاحب لسان العرب نے یہ بھی لکھا ہے کہ اس کا معنی الطریق یعنی راستہ بھی ہے اور النبوة سے مراد الطریق الی الھدی یعنی نبوت کا راستہ ہی ہدایت کی طرف لے جانے والا ہے۔ ۷

شریعت اسلامیہ میں نبی کس کو کہتے ہیں؟ اس کی وضاحت دستور العلماء میں ان الفاظ سے کی گئی ہے۔

فی الشرع بعثه اللّٰہ تعالٰی الی الخلق لتبلیغ الاحکام. ۸

یعنی شریعت میں نبی وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ مخلوق کی طرف احکامات شرعیہ کی تبلیغ کے لئے مبعوث فرمائے۔

لغت میں رسول کے لفظ کا اطلاق صرف پیغام پر اور کبھی اس شخص پر بولا جاتا ہے جسے پیغام دے کر بھیجا گیا ہو۔ والرسول تارة یقال للقول المتحمَّل وتارة المتحمِّل. ۹

شرعی اصطلاح میں علامہ یوسف الصالحی کے مطابق، وہ مرد جس کی طرف شریعت کی وحی کی جائے اور اسے تبلیغ کا حکم نہ دیا جائے وہ نبی ہے اور اگر تبلیغ کا حکم بھی ہو تو وہ رسول ہے۔

انسان ذکر اوحی الیه بشرع ولم یومر تبلیغه فان أمر بذلك فھو رسول ایضاً۔ ۱۰

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نبی اور رسول میں اصطلاحی فرق کے حوالہ سے علماء کے دو گروہ ہیں۔ ایک گروہ کی رائے ہے کہ نبی اور رسول میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ ۱۱

امام رازی نے ان دونوں میں فرق نہ ہونے کے دلائل بھی نقل کئے ہیں۔ ان میں سے ایک یہ بھی دلیل ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبی اور رسول دونوں سے خطاب کیا گیا ہے۔ یہ دونوں خطاب ان کے ایک ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔ **أن اللّٰہ تعالٰی خاطب محمداً مرۃ بالنبی ومرۃ بالرسول فدل علی انہ لامنافاۃ بین الامرین.** ۱۲

علماء کے دوسرے گروہ نے آیت کریمہ: **وَمَا اَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَلَا نَبِيٍّ** (الحج:۵۲) کی روشنی میں کہا ہے کہ دونوں اصطلاحات میں فرق ہے۔ ۱۳ اگر دونوں ایک ہی ہوتے تو یہ تکرار ہوتی اور یہ بلاغت کے خلاف ہے۔ ۱۴ لیکن دونوں میں فرق کی نوعیت کیا ہے؟ اس بارہ میں علماء کا اتفاق نہیں ہے۔ کسی نے لغوی معانی کو پیش نظر رکھ کر فرق کیا تو کسی نے ذمہ داریوں کو پیش نظر رکھا اور بعض نے نزول وحی کے طرق میں فرق کو ملحوظ خاطر رکھ کر رائے دی۔ بعض نے انسان یا فرشتہ ہونے کے فرق کو بھی قابل ذکر گردانا۔ قہستانی کے پیش نظر: **الرسول من بعث لتبلیغ الاحکام ملکاً کان او انسانا بخلاف النبی فانہ مختص بالانسان.** ۱۵

فراء نے نزول وحی میں فرق کو پیش نظر رکھ کر کہا: **الرسول الذی ارسل الی الخلق بارسال جبریل علیہ السلام عیاناً والنبی الذی تکون نبوتہ الھاما اومناماً، فکل رسول نبی ولیس کل نبی رسولا.** ۱۶ علامہ اسماعیل حقی نے ایک قول نقل کیا جس میں نئی شریعت کے ملنے یا نہ ملنے کو مدار مانا گیا ہے: **والرسول انسان ارسلہ اللّٰہ الی الخلق لتبلیغ رسالتہ وتبیین ماقصرت عقولھم من مصالح الدارین وقدیشرط فیہ الکتاب بخلاف النبی فانہ اعم.** ۱۷

اس مسئلہ پر سب سے عمدہ رائے علامہ ابن تیمیہ کی ہے بقول انور شاہ کشمیری، کتاب النبوات میں سب سے قابل قدر یہی مسئلہ ہے۔ ۱۸

ابن تیمیہ لکھتے ہیں: **فالنبی ھو الذی ینبئہ اللّٰہ ،وھوینبیء بماأنبأاللّٰہ بہ ، فان**

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



أرسل مع ذلك الى من خالف أمر اللہ لیبلغه رسالة من اللہ اليه فهو رسول ولم يرسل هو الى احد يبلغه عن اللہ رسالة ،فهو نبی وليس برسول (سوره حج:۵۲) وقوله من رسول ولا نبی فذكر ارسالاً يعم النوعين،وقد خص احدهما بانه رسول فان هذا هو الرسول المطلق الذی أمره بتبليغ رسالته الى من خالف اللہ كنوح،وقد ثبت فی الصحيح أنه اول رسول بعث الى اهل الارض. ۱۹

فالانبياء ينبئهم اللہ فيخبرهم بامره ونهيه وخبره،وهم ينبئون المومنين بهم ماأنبأهم اللہ به من الخبر والامر والنهی فان ارسلوا الى كفار يدعونهم الى توحيد اللہ وعبادته وحده لاشريك له ولا بدأن يكذب الرسول قوم قال تعالىٰ. (الذاريات:۵۲،السجده:۴۳) ۲۰

وليس من شرط الرسول ان ياتی بشريعة جديده،فان يوسف كان رسولا وكان على ملة ابراهيم وداؤد وسليمان كانارسولين وكانا على شريعة التوراة. ۲۱

ان عبارات کا خلاصہ یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ کسی کوغیب کی خبریں دے کر نبی بنائے تو وہ نبی اللہ بن جاتا ہے اور جب تک کسی کافرقوم کو خدائی پیغامات پہنچانے کا حکم نہ دیا جائے وہ صرف نبی اللہ ہی ہوتا ہے خواہ کسی پہلی شریعت پر عمل کرتا رہے البتہ جب کافرقوم کو خدائی احکام پہنچانے کا حکم دے دیا جائے تو وہ نبی اللہ ہونے کے ساتھ رسول اللہ بھی بن جاتا ہے۔ رسول کے لئے نئی شریعت لانا قطعاً ضروری نہیں حضرت یوسف علیہ السلام رسول اللہ تھے مگر ملت ابراہیمی پر تھے اسی طرح حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام رسول تھے اور شریعت تورات پر عامل تھے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا دور آیا تو کفر ظاہر ہوا اس لئے روئے زمین پر پہلے رسول آپ ہی ہیں۔ حضرت آدم اور آپ کے درمیان سب انبیاء تھے۔

علمائے شیعہ کے ہاں بھی اس سے ملتی جلتی تعبیر ملتی ہے۔ تفسیر نمونہ میں ہے: ہماری نظر میں زیادہ صحیح یہ ہے کہ رسول ان انبیاء کو کہتے ہیں جو اپنے دین کی تبلیغ وترویج اور لوگوں کو اس کی دعوت دینے پر مامور تھے، جیسا کہ ان کی سوانح حیات کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



انتھک کوشش کرتے تھے۔ معمولی فروگذاشت بھی نہیں کرتے تھے اور ہر طرح کی سختی اور تکلیف خندہ پیشانی سے برداشت کرتے تھے۔ البتہ نبی جیسا کہ خود اس لفظ ہی سے ظاہر ہے کہ اس شخصیت کو کہا جاتا ہے جو وحی الٰہی کی خبر دے اگر چہ وہ وسیع سطح پر تبلیغ پر مامور نہیں ہوتے۔ دراصل وہ ایک ڈاکٹر کی مانند ہوتا ہے جس کو تلاش کر کے اسے لوگ اپنی بیماری کا علاج کراتے ہیں مطالعہ سے پتہ چلتا ہی کہ مختلف پیغمبروں کے ماحول وحالات میں خاصا فرق تھا اور ہر ایک کے فرائض وذمہ داریاں جدا جدا تھیں۔ ۲۲

یہاں ضمناً نبوت ورسالت کے حوالہ سے دو مزید مباحث کا اجمالی ذکر کرنا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے۔

(ا) ایک یہ کہ عورت بھی منصب رسالت ونبوت پر فائز ہو سکتی ہے یا نہیں؟ جمہور کا کہنا ہے: لا نبوة فی النساء بالاجماع. ۲۳

والجمھور انه لم ینبأ امرأة. ۲۴

امام ابن کثیر لکھتے ہیں: جمہور کا قول ہے کہ نبوت صرف مردوں کے ساتھ خاص ہے۔ ۲۵

امام رازی کی بھی یہی رائے ہے۔ ۲۶

ابن حزم ۲۷ کی رائے ہے کہ چھ عورتیں نبی ہیں۔ حواء، سارہ، ھاجر، ام موسیٰ، آسیہ، مریم۔ ۲۸ ان کے نزدیک فرشتے سے مکالمہ اور بشارات وغیرہ کے لئے فرشتہ کا آنا نبی ہونے کے لئے کافی ہے اور ان معنوں میں یہ عورتیں نبی ہیں مگر رسول نہیں۔ ''نبوة مع الرسالت'' صرف مردوں کے لئے ہی مخصوص ہے۔ ۲۹

مگر علامہ آلوسی کے نزدیک یہ تعریف اور رائے قطعاً صحیح نہیں ہے وأن من توهم أن النبوة مجرد الوحی ومکالمة الملك فقد حاد عن الصواب. ۳۰

امام قرطبی درج بالا خواتین میں سے صرف حضرت مریم کی نبوت کے قائل ہیں۔ والصحیح أن مریم نبیه. ۳۱

(ب) علماء نے یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ (الانعام: ۱۳۰) کے تحت یہ بھی بحث کی ہے کہ جنوں میں بھی رسول مبعوث ہوئے ہیں یا نہیں؟ بعض علمائے تفسیر کا کہنا ہے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



رسول اور نبی صرف انسانوں میں ہوئے جنات میں کوئی شخص بلا واسطہ رسول نہیں ہوا۔ جنات میں انسانی رسولوں کے قاصد اور پیغامبر ہوتے تھے مجازی طور پر ان کو رسول کہا گیا ہے۔ ایک جماعت علماء کا یہ خیال ہے کہ خاتم الانبیاء سے پہلے ہر گروہ کے رسول اسی گروہ سے ہوتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ خصوصیت ہے کہ آپ کو انسانوں اور جنوں کا واحد رسول بنا کر بھیجا گیا ہے۔ ۳۲؎

رسالت اور نبوت سے متعلقہ ان مباحث کے بعد ان آیات کا ذکر کیا جاتا ہے جن میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسول اور نبی کے لقب سے ندا کی گئی ہے۔

## (ا) یاایھاالرسول کا خطاب:-

قرآن کریم میں صرف دو مقامات ہیں جن میں آپ کو یاایھاالرسول کے لقب سے خطاب کیا گیا ہے۔ یہ دونوں مقامات سورۃ المائدہ میں ہیں اور یہ مدنی سورت ہے۔

(ا) يَـاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَايَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ لَمْ يَاْتُوْكَ. يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا. وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا. اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ. لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ" وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ" عَظِيْمٌ". (المائدہ:۴۱)

اے رسول! آپ کو نہ غمگین کریں وہ جو کفر کی راہ میں سبقت کر رہے ہیں۔ ان لوگوں میں سے جو زبان سے ایمان کا دعویٰ کرتے ہیں حالانکہ ان کے دل ایمان نہیں لائے۔ اور ان لوگوں میں سے جو یہودی ہیں یہ جھوٹ کے رسیا اور دوسروں کی باتیں ماننے والے ہیں جو خود آپ کے پاس نہیں آتے۔ اللہ کی باتوں کو صحیح موقعوں سے بدل دیتے ہیں۔

اس آیت میں یاایھاالرسول سے خطاب کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے امین احسن اصلاحی نے لکھا ہے: لفظ رسول سے خطاب یہاں اس حقیقت کو ظاہر کر رہا ہے کہ رسول کی اصل ذمہ داری صرف اللہ کے دین کی تبلیغ اور انذار و تبشیر کے فریضہ کی ادائیگی ہے۔ اس امر کی کوئی ذمہ داری

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس پر نہیں ہے کہ لوگ اس کی دعوت کے معاملے میں رویہ کیا اختیار کرتے ہیں۔ اگر رسول نے اپنا فرض منصبی ادا کر دیا ہے تو وہ عنداللہ اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہو گیا، لوگ اگر کفر کی راہ میں سبقت کرتے ہیں تو اس کی پرسش رسول سے نہیں ہوتی ہے بلکہ خود لوگوں سے ہوتی ہے، پھر جو بات دوسروں سے متعلق ہے اس کا غم رسول کیوں کرے؟ یہاں چونکہ مقصود آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو منافقین اور یہود کی مخالفانہ اور سازشانہ روش پر تسلی دینا اور اس حقیقت کو واضح کرنا ہے کہ جن کا فتنہ میں پڑنا سنت الٰہی کے بموجب مقدر ہو چکا ہے وہ فتنہ میں پڑ کے رہیں گے اس وجہ سے یاایھاالرسول کے خطاب سے آپ کو مخاطب کرنا موزوں ہوا تاکہ خطاب ہی سے آپ کی ذمہ داری کی حد آپ پر واضح ہو جائے"۔٣٣

(٢) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ ۖ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُۥ ۚ وَٱللَّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ ٱلنَّاسِ ۗ إِنَّ ٱللَّهَ لَا يَهْدِى ٱلْقَوْمَ ٱلْكَـٰفِرِينَ. (المائدہ:٦٧)

اس آیت مبارکہ میں یاایھاالرسول کے لقب سے خطاب کی معنویت کو علامہ شبیر احمد عثمانی نے نہایت جامعیت سے بیان کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں: پچھلی آیات میں اہل کتاب کی شرارت، کفر اور سیہ کاریوں کا ذکر کر کے تورات، انجیل، قرآن اور کل کتب سماویہ کی اقامت کی ترغیب دی گئی تھی۔ آئندہ قل یااھل الکتاب لستم علی شیء سے اہل کتاب کے مجمع میں اعلان کرنا چاہتے ہیں کہ اس "اقامت" کے بدون تمہاری مذہبی زندگی بالکل صفر اور لاشیئ محض ہے یاایھاالرسول بلغ ماانزل الیک من ربک میں اسی دوٹوک اعلان کے لئے حضور کو تیار کیا گیا ہے۔ یعنی آپ پر جو کچھ پروردگار کی طرف سے اتارا جائے خصوصاً اس طرح کے فیصلہ کن اعلانات آپ بے خوف وخطر اور بلا تامل پہنچاتے رہیے۔ اگر بفرض محال کسی ایک چیز کی تبلیغ میں بھی آپ سے کوتاہی ہوئی تو بحیثیت رسول (خدائی پیغامبر) ہونے کے رسالت وپیغام رسانی کا جو منصب جلیل آپ کو تفویض ہوا ہے سمجھا جائے گا کہ آپ نے اس کا حق کچھ بھی ادا نہ کیا۔ بلاشبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق میں فریضہ تبلیغ کی انجام دہی پر بیش از بیش ثابت قدم رکھنے کے لئے اس سے بڑھ کر کوئی مؤثر عنوان نہ ہوسکتا تھا۔ آپ نے بیس بائیس سال تک جس بے نظیر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اولوالعزمی جانفشانی، مسلسل جدوکد اور صبر و استقلال سے فرض رسالت و تبلیغ کو ادا کیا وہ اس کی واضح دلیل تھی کہ آپ کو دنیا میں ہر چیز سے بڑھ کر اپنے فرض منصبی (رسالت و بلاغ) کی اہمیت کا احساس ہے۔ حضور کے اس احساس قوی اور تبلیغی جہاد کو ملحوظ رکھتے ہوئے وظیفۂ تبلیغ میں مزید استحکام و تثبیت کی تاکید کے موقع پر مؤثر ترین عنوان یہ ہی ہوسکتا تھا کہ حضور کو یاایھا الرسول سے خطاب کر کے صرف اتنا کہہ دیا جائے کہ اگر بفرض محال تبلیغ میں ادنیٰ سی کوتاہی ہوئی تو سمجھو کہ آپ اپنے فرض منصبی کے ادا کرنے میں کامیاب نہ ہوئے اور ظاہر ہے کہ آپ کی تمامتر کوششوں اور قربانیوں کا مقصد وحید ہی یہ تھا کہ آپ خدا کے سامنے فرض رسالت کی انجام دہی میں اعلیٰ سے اعلیٰ کامیابی حاصل فرمائیں لہٰذا یہ کسی طرح ممکن ہی نہیں کہ کسی ایک پیغام کے پہنچانے میں بھی ذراسی کوتاہی کریں عموماً یہ تجربہ ہوا ہے کہ فریضۂ تبلیغ ادا کرنے میں انسان چند وجوہ سے مقصر رہتا ہے۔ یا تو اسے اپنے فرض کی اہمیت کا کافی احساس اور شغف نہ ہو یا لوگوں کی عام مخالفت سے نقصان شدید پہنچے یا کم از کم بعض فوائد کے فوت ہونے کا خوف ہو اور یا مخاطبین کے عام تمرد و طغیان کو دیکھتے ہوئے جیسا کہ پچھلی اور اگلی آیات میں اہل کتاب کی نسبت بتلایا گیا ہے، تبلیغ کے ثمر اور منتج ہونے سے مایوسی ہو، پہلی وجہ کا جواب یاایھا الرسول سے فما بلغت رسالتہ تک، دوسری کا واللّٰہ یعصمک من الناس میں اور تیسری کا ان اللّٰہ لایھدی القوم الکفرین میں دیدیا گیا۔ یعنی تم اپنا فرض ادا کئے جاؤ خدا تعالیٰ آپ کی جان اور عزت و آبرو کی حفاظت فرمانے والا ہے وہ تمام روئے زمین کے دشمنوں کو بھی آپ کے مقابلہ پر کامیابی کی راہ نہ دکھلائے گا، باقی ہدایت و ضلالت خدا کے ہاتھ میں ہے۔ ایسی قوم جس نے کفر و انکار ہی پر کمر باندھ لی ہے اگر راہ راست پر نہ آئی تو غم نہ کرو اور نہ مایوس ہوکر اپنے فرض کو چھوڑو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس ہدایت ربانی اور آئین آسمانی کے موافق امت کو ہر چھوٹی بڑی چیز کی تبلیغ کی۔ نوع انسانی کے عوام و خواص میں سے جو بات، جس طبقہ کے لائق اور جس کی استعداد کے مطابق تھی، آپ نے بلاکم و کاست اور بے خوف و خطر پہنچا کر خدا کی حجت بندوں پر تمام کردی اور وفات سے دو اڑھائی مہینے پہلے حجۃ الوداع کے موقع پر جہاں چالیس ہزار سے زائد خادمان اسلام اور عاشقان تبلیغ کا اجتماع تھا آپ نے علی رؤس الاشہاد اعلان فرمادیا کہ اے خدا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تو گواہ رہ میں (تیری امانت) پہنچا چکا۔ ۳۴؎

(ب) یاایھاالنبی کا خطاب:

قرآن کریم میں ۱۳ مقامات پر یاایھاالنبی سے آپ کو خطاب کیا گیا ہے۔ ذیل میں وہ آیات نقل کی جاتی ہیں جنکا آغاز اس پر کیف خطاب سے ہوا اور اس خطاب کی معنویت سے متعلق مفسرین کی آراء کو بھی نقل کیا جائے گا۔

(۱) یَاَیُّھَاالنَّبِیُّ حَسْبُکَ اللّٰہُ وَمَنِ اتَّبَعَکَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ (الانفال:۶۴)

اے نبی مکرم آپ کے لئے اللہ تعالیٰ اور آپ کی پیروی کرنے والی مومنین کافی ہیں۔

اس آیت مبارکہ میں مسلمانوں کو جہاد پر ابھارنے کے لئے آپ کی طرف روئے سخن کرتے ہوئے ارشاد فرمایا یاایھاالنبی آپ تو نبوت کے مقام ارفع پر فائز ہیں اس لئے آپ کی نصرت اور اعانت کے لئے اللہ اور آپ کے غلام کافی ہیں کسی اور کے سہارے کی قطعاً ضرورت نہیں۔ آپ کی دلجوئی اور تسلی وتشفی کے لئے اس خطاب دلنواز سے مخاطب کیا گیا ہے۔ اس ہمت افزائی کی ساتھ ہی اگلی آیت میں آپ کو وہ حکم دیا گیا جس کی لیے یہ آیت تمہید تھی۔

(۲) یَاَیُّھَاالنَّبِیُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِیْنَ عَلَی الْقِتَالِ۔ (الانفال:۶۵)

اے نبی مکرم مومنوں پر قتال پر برانگیختہ کیجیے۔

چونکہ مخلوق تک احکامات الٰہیہ نبی کے واسطہ ہی سے پہنچتے ہیں اس لئے یاایھاالنبی کا خطاب فرمایا اور ساتھ ہی مسلمانوں کو روحانی تقویت کے لئے قلت وکثرت کا اصول سمجھا دیا۔ یہ حکم درحقیقت مجاہدین میں ذمہ داریوں کا احساس اجاگر کرتا ہے۔ ایمانی بصیرت کی قوت وسطوت کا ایسا پیغام نبی ہی دے سکتے ہیں۔

(۳) یَاَیُّھَاالنَّبِیُّ قُلْ لِّمَنْ فِیْ اَیْدِیْکُمْ مِنَ الْاَسْرٰی اِنْ یَّعْلَمِ اللّٰہُ فِیْ قُلُوْبِکُمْ خَیْراً یُّؤْتِکُمْ خَیْراً مِّمَّا اُخِذَ مِنْکُمْ وَیَغْفِرْلَکُمْ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ۔ (الانفال:۷۰)

اے نبی مکرم آپ کے قبضہ میں جو قیدی ہیں ان سے فرمایئے اگر اللہ تعالیٰ تمہارے دلوں میں کوئی بھلائی پائے گا تو جو کچھ تم سے لیا گیا ہے اس سے بہتر وہ تم کو عطا فرمائے گا اور تم کو بخش دے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



گا اور اللہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔

یہ آیت درحقیقت بدر کے قیدیوں کے لئے اللہ کی طرف سے ایک پیغام ہے۔ پیغامات الٰہیہ مخلوقات تک بواسطہ نبی آتے ہیں اس لئے یاایھا النبی سے خطاب فرمایا۔ اس پہلو کی وضاحت کرتے ہوئے مولانا امین احسن اصلاحی لکھتے ہیں: ان دونوں آیتوں (۷۰، ۷۱) پر غور کیجئے تو یہ بات واضح ہوگی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر کے قیدیوں کو فدیہ لے کر جو چھوڑ دیا تو نہ صرف یہ کہ اللہ تعالیٰ کو اس پر کوئی اعتراض نہیں بلکہ اس نے اس کو پسند فرمایا اور ان قیدیوں کو یہ پیغام بھجوایا کہ یہ اس لئے کیا گیا ہے کہ اگر انہوں نے اس احسان کی قدر کی تو اس سے ان کے لئے قبول اسلام اور مغفرت کی راہیں کھلیں گی۔ غور کیجئے کہ کہاں یہ بات اور کہاں وہ جو محض بعض تفسیری روایات کی بنا پر مفسرین نے اختیار فرمائی کہ آنحضرت پر اس بات کے لئے عتاب ہوا کہ اچھی طرح خون بہائے بغیر تم نے قیدی کیوں پکڑے اور فدیہ کیوں قبول کیا۔ ۳۵

(۴) یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ جَاھِدِ الْکُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْھِمْ۔ (التوبہ: ۷۳)

اے نبی کریم کافروں کے ساتھ جہاد کیجئے اور ان پر سختی کریں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ مزاج اقدس کی نرمی کی بنا پر منافقین کا سخت احتساب نہ فرماتے۔ یاایھا النبی کے خطاب سے آپ کو حکم دیا جارہا ہے کہ اے رؤف ورحیم اب ان کی بارے میں اپنے رویے میں تبدیلی پیدا کرلیں یہ لوگ کریم النفسی سے ماننے والے نہیں اب ان پر سختی کریں۔

(۵) یَا اَیُّھَا النَّبِیُّ اتَّقِ اللّٰہَ وَلَا تُطِعِ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ۔ (الاحزاب ۱)

اے نبی مکرم! ڈرتے رہیے اللہ سے اور کفار و منافقین کا کہنا نہ مانیے۔

''اس سورہ مبارکہ (الاحزاب) کا آغاز یاایھا النبی کے پرجلال کلمات سے کیا گیا ہے براہ راست اس خصوصی خطاب کی وجہ یہ ہے کہ اس سورت میں چند ایسی اصلاحات کا حکم دیا جارہا ہے جو قدامت پرست اہل عرب کے رسم ورواج کے سراسر خلاف تھیں۔ معاشرہ میں جب کوئی فعل رواج پکڑتا ہے اور پشت ہاپشت سے لوگوں کا اس پر تعامل ہوتا ہے تو اسے ایک تقدس اور احترام حاصل ہوجاتا ہے۔ وہ لوگوں کی عقیدت کا مرکز بن جاتا ہے اور وہ اس بارے میں اتنے جذباتی ہوجاتے ہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کہ اس میں کسی اصلاح اور ترمیم کو برداشت نہیں کرتے اور کسی بڑی سے بڑی ہستی کو بھی اس میں ردوبدل کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ قوموں کی اصلاح کا بیڑا اٹھانے والوں کے لئے سب سے صبر آزما لمحے وہی ہوتے ہیں جب وہ اپنی قوم کے غلط اور مضرت رساں رسم ورواج کے خلاف علم جہاد بلند کرتے ہیں کیونکہ اس سورت میں عرب کے قدامت پسند معاشرہ اور ان کے غلط رواجوں کی اصلاح کرنا مقصود ہے اور قوم کے شدید ردعمل کا اندیشہ ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو خصوصی طور پر خطاب فرما کر چند ہدایات سے سرفراز کر رہے ہیں تا کہ حضور کے خلاف کذب وافتراء کے جو طوفان اٹھنے والے ہیں ان میں آپ ثابت قدمی اور استقامت کا مظاہرہ کریں۔ ۳۶ؔ

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ حکم دینے کا مقصد یہ نہیں کہ آنجناب تقویٰ کے بارہ میں یا کفار ومنافقین کی اطاعت ترک کرنے کے مسئلہ میں کسی قسم کی کوتاہی سے کام لیتے تھے بلکہ اس قسم کے احکام جہاں ایک طرف پیغمبر کے وظائف اور ذمہ داریوں کو بیان کرنا مقصود ہوتا ہے وہاں پر تمام مومنین کے لیے درس بھی ہے۔ ۳۷ؔ علامہ آلوسی کی رائے میں تقویٰ اختیار کرنے کے حکم کا مقصود اس پر دوام واستقامت ہے یہ بھی کہا گیا کہ تقویٰ کا مفہوم بہت وسیع ہے اس کی کوئی انتہا نہیں اس لئے تقویٰ میں ہر لحہ زیادتی واضافہ ہو۔ الدوام والثبات علیها وقیل الازدیاد منها فان لها باباواسعا وعرضاعریضاً لاینا ہ مناہ. ۳۸ؔ

(۲) يَاأَيُّهَاالنَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحاً جَمِيْلاً. (الاحزاب ۲۸)

اے نبی مکرم آپ اپنی بیویوں کو فرمادیجئے کہ اگر تم دنیوی زندگی اور اس کی آرائش وآسائش کی خواہاں ہو تو آؤ تمہیں مال ومتاع دے دوں اور بڑی خوبصورتی کے ساتھ تمہیں رخصت کردوں۔

منافقین مرد جس طرح مسلم معاشرہ کے خلاف اپنی کاروائیوں میں مصروف ہوتے اسی طرح منافق عورتیں بھی یہ کام کرتیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گھریلو زندگی کو تباہ کرنے کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



لئے منافقات کی چالوں کے حوالہ سے یہ آیات نازل ہوئیں۔ منافق عورتوں کی چالوں کا مقصد آپ کی گھریلو زندگی میں فتنہ کھڑا کرنا اور ازواج النبی کے اندر بے اطمینانی پیدا کرنا تھا۔ یہ حالات تھے جن میں یہ آیات اتری ہیں۔ ان میں جو باتیں فرمائی گئی ہیں ان کو سنانا تو مقصود ہے دراصل ان منافقین اور منافقات کو جن کی ریشہ دوانیوں کے تاروپود ان میں بکھیرے گئے ہیں لیکن وہ پس پردہ تھے اس وجہ سے قرآن نے ان کو مخاطب کرنے کی بجائے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ازواج النبی کو مخاطب کرکے جو کچھ کہنا تھا کہہ دیا۔ ۳۹

(۷) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ إِنَّآ أَرْسَلْنَـٰكَ شَـٰهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا وَدَاعِيًا إِلَى ٱللَّهِ بِإِذْنِهِۦ وَسِرَاجًا مُّنِيرًا. (الاحزاب ۴۵-۴۶)

اے نبی مکرم ہم نے آپ کو گواہ، خوشخبری سنانے والا، بروقت ڈرانے والا، اور اللہ کی طرف اس کے اذن سے دعوت دینے والا اور روشن کردینے والا آفتاب بنا کر بھیجا ہے۔

یہاں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب کرکے آپ کا منصب بتایا گیا ہے اور اس منصب کے ساتھ جو ذمہ داریاں وابستہ ہیں ان کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے تاکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی واضح ہوجائے کہ آپ کو کیا کام کرنے ہیں اور کس طرح کرنے ہیں اور دوسروں پر بھی آپ کی شخصیت کی اصلی نوعیت اچھی طرح واضح ہوجائے کہ موافقین ومخالفین دونوں اس روشنی میں اپنے اپنے رویے کا جائزہ لے سکیں۔ ۴۰

(۸) يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّبِيُّ إِنَّآ أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَٰجَكَ ٱلَّـٰتِىٓ ءَاتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّآ أَفَآءَ ٱللَّهُ عَلَيْكَ. (الاحزاب:۵۰)

اے نبی مکرم ہم نے حلال کردی ہیں آپ کے لئے آپ کی ازواج جن کے مہر آپ نے ادا کردیئے ہیں اور آپ کی کنیزیں جو اللہ نے بطور غنیمت آپ کو عطا کی ہیں۔

اسلام نے مردوں کو شرط عدل کے ساتھ چار شادیاں کرنے کی اجازت دی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خاص حکمتوں کے پیش نظر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چار سے زیادہ ازواج کی اجازت مرحمت فرمائی۔ ۴۱ چونکہ یہ چیز آپ کے امتیازات وخصائص میں سے تھی اس لئے یاایھا النبی سے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



خطاب کیا گیا کہ آپ کو نبی کی حیثیت سے اس کی اجازت دی گئی ہے اسی لئے ان شادیوں کے مقاصد عام شادیوں سے بلند تر تھے۔ ان سے مقصود یا تو اپنے غلاموں کی دلجوئی تھی یا دشمن قبائل کے ساتھ محبت اور مؤدت کے تعلقات قائم کرنے تھے۔ ۴۲

محمد علی السایس نے سابقہ آیات سے ربط واضح کرتے ہوئے لکھا کہ ان میں مومنین سے متعلقہ احکام تھے اور ان میں ازواج النبی سے متعلق۔ وهنا فى نساء النبى اللاتى يحل له نكاحهن واحكام اخرى تتبع النكاح. ۴۳

(۹) يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَبَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَا بِيْبِهِنَّ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا۔ (الاحزاب:۵۹)

اے نبی مکرم! آپ فرمایئے اپنی ازواج مطہرات کو اپنی صاحبزادیوں کو اور جملہ اہل ایمان کی عورتوں کو کہ (جب وہ باہر نکلیں تو) اپنی چادر کے پلو اپنے اوپر ڈال لیا کریں اسی طرح آسانی پہچان لی جائیں گی پھر انہیں ستایا نہیں جائے گا اور اللہ تعالیٰ بہت بخشنے والا، اور ہر وقت رحم کرنے والا ہے۔

اس آیت میں ازواج مطہرات یا بنات طاہرات اور تمام مومن عورتوں کے لئے ایک شرعی حکم بیان کیا گیا ہے۔ یہ حکم بھی ایسا ہے جو صرف آپ کے زمانہ اقدس سے مخصوص نہیں ہمیشہ کے لئے مومنین پر فرض کیا گیا ہے اس لئے مناسب یہی تھا کہ یا ایھا النبی کے الفاظ سے آغاز ہو نبی ہی خالق اور مخلوق کے مابین سفارت کا فریضہ انجام دیتے ہیں۔

(۱۰) يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ۔

(الممتحنہ:۱۲)

اے نبی مکرم! جب مومن عورتیں آپ کے پاس آئیں اور ان شرائط پر بیعت کریں کہ وہ کسی کو خدا کا شریک قرار نہیں دیں گی، چوری نہیں کریں گی، زنا سے آلودہ نہ ہوں گی، اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گی اور نہ اپنے ہاتھوں اور پاؤں سے کوئی بہتان باندھیں گی اور معروف کے کاموں میں آپ کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حکم کی مخالفت نہیں کریں گی۔ تو آپ ان سے بیعت لے لیں اور خدا سے ان کے لئے مغفرت طلب کریں بیشک خدا بخشنے والا اور مہربان ہے۔

یہ آیات صلح حدیبیہ اور فتح مکہ کی درمیانی مدت میں نازل ہوئیں۔ ۴۴ ان آیات میں عورتوں سے چھ امور پر بیعت لینے کا حکم دیا گیا ہے چونکہ یہ بیعت براہ راست نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست اقدس پر تھی اور اس عرصہ میں آنے والی تمام خواتین کے لیے یہ عمومی حکم تھا اس لئے یاایھا النبی کا خطاب ہی مناسب اور موزوں تھا۔ اس آیت مبارکہ سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ اسلام نے عورتوں کے مسائل کو معاشرے کے اہم ترین امور میں شمار کیا ہے۔

(۱۱) یَااَیُّھَاالنَّبِیُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْھُنَّ بِعِدَّتِھِنَّ. (الطلاق:۱)

اے نبی مکرم! (مسلمانوں سے فرماؤ) جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دینے کا ارادہ کرو، تو ان کو طلاق دو، ان کی عدت کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے۔

اگرچہ اس آیت مبارکہ میں خطاب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہے مگر حکم امت کے لئے ہے۔ کیونکہ آپ کو خطاب کرنے کے فوراً بعد ضمیر خطاب جمع کی آ گئی ہے (طلقتم) ۴۵

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: آیت میں طلاق کا ذکر تھا اور یہ ایک ناپسندیدہ فعل ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو مخاطب کرنے کے بعد امت کو خطاب کیا اور اس میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تکریم و تعظیم کا پہلو شامل ہے۔ انہ خاطبہ علیہ الصلوٰۃ والسلام بالنداء صرف سبحانہ الخطاب عنہ لامتہ تکریماله صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلم لما فی الطلاق من الکراھة فلم یخاطب بہ تعظیماً۔ ۴۶

(۱۲) یَااَیُّھَاالنَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَااَحَلَّ اللّٰہُ لَکَ. (التحریم:۱)

اے نبی مکرم! آپ اس چیز کو کیوں حرام کرتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے آپ کے لئے حلال کر دیا ہے۔

اس آیت مبارکہ میں یاایھا النبی سے خطاب پر روشنی ڈالتے ہوئے ابوحیان اندلسی لکھتے ہیں: یاایھا النبی نداء اقبال و تشریف یعنی اللہ تعالیٰ نے یاایھا النبی سے خطاب فرما کر اپنے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حبیب کو اپنی طرف متوجہ کیا اور شرف ندا سے سرفراز فرمایا ہے۔ لم تحرم سوال تلطف یعنی از راہ لطف و محبت دریافت کیا کہ اے حبیب آپ نے ایسا کیوں کیا اس کا قرینہ یہ ہے کہ پہلے بڑے احترام سے خطاب فرمایا پھر سوال کیا جس طرح عفا اللہ عنك لم اذنت لھم میں ہے۔ پھر فرماتے ہیں تحریم سے مراد تحریم شرعی نہیں یعنی جس طرح وحی الٰہی سے کسی چیز کو جو پہلے حلال تھی حرام کر دیا جاتا ہے اور اس کے بارے میں یہ اعتقاد رکھنا ضروری ہوتا ہے کہ یہ حرام ہے، بلکہ یہاں تحریم سے مراد امتناع ہے یعنی کسی چیز کے استعمال سے رک جانا۔ جیسے کوئی شخص کسی حلال اور مباح چیز کے استعمال سے اپنے آپ کو باز رکھ لیتا ہے اور کبھی یہ امتناع کسی کی دلجوئی کے لئے ہوتا ہے"۔ ۴۷

علامہ آلوسی لکھتے ہیں: فیہ تعظیم شانہ صلی اللہ وسلم لان ترک الاولی بالنسبہ الی مقامہ السامی الکریم یعد کالذنب وان لم یکن فی نفسہ کذلك. ۴۸

اس خطاب میں آپ کی رفعت شان ہے یعنی اگرچہ آپ نے کسی گناہ کا ارتکاب نہیں کیا زیادہ سے زیادہ ترک اولی تھا لیکن آپ کے مقام عالی کے یہ بھی مناسب نہ تھا۔

یاایھا النبی کے خطاب سے آپ کے منصب نبوت کا ذکر فرما کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ آپ کے اس فعل کا مقصد چونکہ امت کے لئے کوئی حکم نہ تھا اور منصب نبوت کا تقاضا یہ ہے کہ آپ کا ہر قول و فعل امت کے لئے نمونہ بنے، اس لئے یہ ترک اولی بھی مقام نبوت کے شایان شان نہیں۔

(۱۳) یٰٓاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ وَمَاْوٰهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ. (التحریم:۹)

اے نبی مکرم! کفار اور منافقین سے جہاد جاری رکھو اور ان پر سختی کرو۔ آخرت میں ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ کیا ہی برا ٹھکانا ہے۔

اس آیت میں یاایھا النبی کے خطاب کی بلاغت کو مولانا امین احسن اصلاحی نے ان الفاظ میں واضح کیا ہے۔ مومنین و متعلقین کے احتساب کے بعد یہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس عام فریضہ احتساب کی تاکید ہے جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ مامور تھے۔ آیت میں جس جہاد کا حکم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہے وہ تلوار اور زبان دونوں ہی کا جہاد ہے۔ البتہ دونوں کے محل الگ الگ ہیں .......... یہ سخت انداز میں منافقین کے احتساب کی تاکید اس وجہ سے ہوئی کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی کریم النفسی کے سبب سے ان کی غلطیوں پر جب گرفت فرماتے نرم ہی انداز میں فرماتے تاکہ ان کی رسوائی نہ ہو۔ اس کریمانہ انداز کی انہیں قدر کرنی تھی لیکن منافقین اس کے اہل نہ تھے۔ وہ اس سے فائدہ اٹھانے کی بجائے دلیر ہوتے جارہے تھے کہ ان کا فریب کامیاب ہو رہا ہے اس وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ انداز بدل دینے کا حکم دیا اور سختی کے ساتھ ان کے احتساب کی تاکید فرمائی۔ ۴۹؎

## خلاصہ بحث

(۱) "یاایھا" کا خطاب ان موارد کے ساتھ مخصوص ہے جہاں مقصد سب لوگوں کی توجہ کو کسی مطلب کی طرف مبذول کرنا ہو اگرچہ مخاطب ایک ہی شخص ہو بخلاف "یا" کے خطاب کے جس کا عام طور پر اطلاق ایسے موارد میں ہوتا ہے جہاں مراد مخاطب کی ذات ہوتی ہے۔

(۲) قرآن کریم میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دو مقامات پر یاایھاالرسول اور تیرہ مقامات پر یاایھاالنبی کے لقب سے ندا کی گئی ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ جب نبی یا رسول میں سے کوئی ایک لفظ آتا ہے تو اس کی مراد میں دونوں (رسول اور نبی) شامل ہوتے ہیں مگر جب یہ اکٹھے آئیں تو ان میں اس اصطلاحی فرق کو ملحوظ رکھا جائے گا جس کی تفصیل مضمون کی ابتداء میں بیان کی گئی ہے۔ ۵۰؎

(۳) وہ تمام سورتیں جن میں ان الفاظ سے ندا کی گئی ہے مدنی ہیں۔

(۴) یاایھاالرسول کے خطاب سے کسی سورت کا آغاز نہیں ہوا جبکہ سورۃ الاحزاب، سورۃ طلاق اور التحریم کا آغاز یاایھاالنبی سے ہوا ہے۔

(۵) آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ تمام انبیاء کو ان کے ناموں سے خطاب کیا گیا اور آپ کو القابات سے ندا کی گئی ہے۔ اس سے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں آپ کی عظمت و رفعت کا علم ہوتا ہے۔ پس یہ خطابات کرامت و شرف کی دلیل ہیں اور امت کی لئے آپ کی بارگاہ کے آداب بجا لانے کا حکم و نصیحت۔ ۵۱؎

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۶) یاایھاالنبی کے عنوان سے خطاب ان مواقع پر ہے جہاں حکم تمام امت کے لئے عام ہو اور جس جگہ کوئی حکم رسول کی ذات سے متعلق ہوتا ہے تو وہاں یاایھاالرسول سے خطاب کیا جاتا ہے۔[۵۲]

(۷) بعض اوقات روئے سخن تو نبی کی طرف ہوتا ہے مگر نتیجہ اور مراد امت ہوتی ہے۔[۵۳]

(۸) یہ خطاب آپ کو تسلی و تشفی دینے کے ساتھ ساتھ ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کے لئے بھی ہے۔[۵۴]

☆☆☆☆☆☆

# حوالہ جات و حواشی

(۱) نبی کا لفظ ۵۴ دفعہ، اس کی جمع نبیون ۱۶ دفعہ، اور جمع مکسر انبیاء ۵ دفعہ اور اس کا مصدر نبوت ۵ دفعہ قرآن میں آیا ہے۔ مستشرقین کا یہ کہنا صحیح نہیں کہ نبی کا لفظ عبری `Nabi اور آرامی (نبیٓا Nebi`a یا نبیو Nabiio) سے بنا ہے۔{رامیار، ڈاکٹر محمود، تاریخ قرآن مؤسسۃ انتشارات امیر کبیر تہران ۱۳۶۲، ص:۱۷۴-۱۷۵}

(۲) ابن منظور افریقی محمد بن مکرم، لسان العرب، دار صادر بیروت، ۱۹۶۸، جلد اول ص:۱۶۳

(۳) المفردات بذیل مادہ

(۴) لسان العرب: جلد اول، ص:۱۶۳

(۵) الصالحی، یوسف، سبل الھدیٰ والرشاد، دار الکتب العلمیۃ بیروت ۱۹۹۳، جلد:۲، ص:۲۷۸

(۶) المفردات بذیل مادہ

(۷) لسان العرب جلد اول، ص:۱۶۳

(۸) الاحمد نگری، عبدالنبی بن عبدالرسول، دستور العلماء عربی ترجمہ حسن ھانی، دار الکتب العلمیۃ بیروت جلد ۳، ص:۲۷۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۹) الفیر وزآبادی، محمد بن یعقوب (۸۱۷ھ)، بصائر ذوی التمییز فی لطائف الکتاب العزیز، المکتبۃ العلمیۃ بیروت جلد۳، ص:۶۹-۷۰

(۱۰) سبل الھدی والرشاد، جلد۲، ص:۲۷۸

(۱۱) الماوردی، محمد بن حبیب (۴۵۰ھ) النکت والعیون تحقیق السید بن عبدالمقصود، دارالکتب العلمیۃ بیروت، جلد۴، ص:۳۴

(۱۲) رازی، محمد بن عمر (۶۰۶ھ)، مفاتیح الغیب، داراحیاء التراث العربی، بیروت ۱۹۹۹ء جلد:۸، ص:۲۳۶

(۱۳) علامہ آلوسی لکھتے ہیں: یدل علی المغایرۃ بینھما وھو الشائع، جلد۹، ص:۱۶۴ علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں: ھذا دلیل بین علی تغایر الرسول والنبی، روح البیان جلد۶، ص:۶۳

(۱۴) سبل الھدیٰ جلد۲، ص:۲۷۹

(۱۵) اسماعیل حقی (۱۱۳۷ھ) روح البیان، تحقیق احمد عبید، داراحیاء التراث العربی، ۲۰۰۱ء، جلد۶، ص:۶۳

(۱۶) القرطبی، محمد بن احمد الانصاری، (۶۷۱ھ)، الجامع لاحکام القرآن، دارالفکر بیروت، ۱۹۹۵، جلد۴، ص:۱۲۹

(۱۷) روح البیان، جلد۶، ص:۶۳ (مزید تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمایئے روح المعانی جلد۹، ص:۱۶۵/ تاریخ القرآن ص:۱۷۴-۱۷۹/ النکت والعیون، جلد۴، ص:۳۵)

(۱۸) بدرعالم میرٹھی ترجمان السنۃ، ایچ ایم سعید کمپنی کراچی ص:۴۴۵

(۱۹) احمد بن تیمیہ (۷۲۸ھ) النبوات، تحقیق محمد عبدالرحمٰن عوض، دارالکتاب العربی، بیروت ۱۹۸۵، ص:۲۸۲

(۲۰) ایضاً ص:۲۸۱-۲۸۲

(۲۱) ایضاً ص:۲۸۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۲۲) شیرازی، ناصر مکارم، تفسیر نمونہ، مترجم صفدر حسین نجفی، مصباح القرآن ٹرسٹ لاہور، ۱۴۱۷ھ، جلد:۷، ص:۶۸۹

(۲۳) روح البیان جلد۲، ص:۴۰

(۲۴) البحر المحیط جلد۲، ص:۴۷۷

(۲۵) ابن کثیر، قصص الانبیاء، مترجم ظفر اقبال کلیار، مکتبہ زاویہ لاہور ۲۰۰۳ء، ص:۹۵۸

(۲۶) مفاتیح الغیب جلد۳، ص:۲۱۷

(۲۷) دلائل کے لئے ملاحظہ فرمایئے۔ الملل و النحل جلد۳، ص:۳۰۸-۳۱۳، مترجم عبداللہ عمادی میر محمد کتب خانہ کراچی

(۲۸) فتح الباری جلد۶، ص:۴۷۱

(۲۹) قصص القرآن ص:۳۱

(۳۰) روح المعانی جلد۲، ص:۱۴۹

(۳۱) الجامع لاحکام القرآن جلد۴، ص:۸۳/ جلد۱۱، ص:۹۰

(۳۲) سعیدی، غلام رسول، تبیان القرآن، فرید بکسٹال لاہور ۲۰۰۵، جلد:۳، ص:۶۵۳-۶۵۵ معارف القران جلد:۳، ص:۴۵۵

(۳۳) اصلاحی، امین احسن، تدبر قرآن، دارالاشاعت الاسلامیہ لاہور، ۱۹۷۱، جلد۲، ص:۲۹۳

(۳۴) شبیر احمد عثمانی، زیر آیت المائدہ:۶۷

(۳۵) تدبر قرآن جلد۳، ص:۱۰۵

(۳۶) ضیاء القرآن جلد:۴، ص:۹

(۳۷) تفسیر نمونہ، جلد:۵۴۴

(۳۸) روح المعانی، جلد:۱۱، ص:۱۴۲

(۳۹) تفصیلات کے لئے ملاحظہ فرمائے، تدبر قرآن جلد۵، ص:۲۱۴

(۴۰) تدبر قرآن جلد۵، ص:۲۳۹

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



(۴۱) ضیاء القرآن جلد:۴،ص:۸۴

(۴۲) ضیاء القرآن، جلد:۴،ص:۸۴

(۴۳) السایس، محمد علی، تفسیر آیات الاحکام، احیاء التراث العربی، ۲۰۰۱ء جلد:۲،ص:۳۰۲

(۴۴) مفسرین نے عموماً ان کا نزول فتح مکہ کا موقعہ بتایا ہے مگر واحدیؒ نے یہی لکھا ہے اور یہ زیادہ موزوں بھی ہے۔ الواحدی، علی بن احمد، اسباب النزول، تحقیق ایمن صلح شعبان، دارالحدیث القاہرہ، ۱۹۹۵ء ص:۳۶۰

(۴۵) The plural "you" indicates that the whole community is thus addressed. (Muhammad Asad, The Message of the Qur'an, Gibraltar, 1980, P:872)

(۴۶) روح المعانی، جلد:۱۴،ص:۳۲۵

(۴۷) علامہ ابوحیان کی یہ رائے تفسیر ضیاء القرآن جلد پنجم ص:۲۹۴ سے نقل کی گئی ہے۔ تفسیر البحر المحیط جلد۸،ص:۲۸۴ پر یہ عبارت موجود ہے۔

(۴۸) روح المعانی، جلد:۴،ص:۳۷۳

(۴۹) تدبر قرآن، جلد:۷،ص:۴۷۳

(۵۰) قرآن میں ایمان اور اسلام، فقیر اور مسکین بھی اس فرق کی مثالیں ہیں۔

(۵۱) علامہ اسماعیل حقی لکھتے ہیں: ناداہ تعالٰی بالنبی لا باسمہ ای لم یقل یامحمد کما قال یاآدم ویانوح، ویاموسی ویاعیسٰی ویازکریاویایحیٰی تشریفاً فھو من الالقاب المشرفۃ الدالۃ علی علوجنابہ علیہ السلام، ولہ اسماء والقلب غیرھذا و الاسماء والالقاب تدل علی شرف المسمی واما تصریحہ باسمہ فی قولہ محمدرسول اللّٰہ. (الفتح:۲۹) فلتعلیم الناس انہ رسول اللّٰہ ولیعتقدوہ کذلک ویجعلوہ من عقائدھم الحقۃ. (روح البیان، جلد:۷،ص:۱۵۷)

علامہ مراغی نے لکھا ہے: خاطب اللّٰہ محمداً صلی اللّٰہ علیہ و آلہٖ وسلم یاایھاالنبی فی مواضع کثیرۃ وماخاطبہ بی ایھاالرسول الافی ھذا الموضع وموضع

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اخر بعده یاایھاالرسول بلغ ماانزل الیك من ربك.(المائدہ:٦٧)وھذا الخطاب للتشریف والتعظیم وتأدیب المومنین وتعلیمھم أن یخاطبوہ بوصفه کما کان یفعل بعض اصحابه بقولھم (یارسول اللّٰہ)وجھل ھذا بعض الاعراب لخشونتھم وسذاجة فطرتھم فکانوا ینادونه (یامحمد)حتی انزل اللّٰہ لاتجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا.(النور:٦٣)فکفوعن ندائه باسمه.(المراغی،احمد مصطفیٰ،تفسیر المراغی،تحقیق باسل عیون السود، دارالکتب العلمیۃ بیروت ١٩٩٨،جلد:٢،ص:٤٣٧)

(۵۲) الجامع لاحکام القرآن ،جلد:١٨،ص:١٤٨

(۵۳) سورۃ الطلاق آیت:۱کے تحت امام قرطبی لکھتے ہیں انه خطاب للنبی صلی اللّٰہ علیه وسلم والمرادامته.الجامع لاحکام القرآن ،جلد:١٨،ص:١٤٨

(سورہ توبہ آیت:۸۳کی تفسیر بیان کرتے ہوئے بھی امام قرطبی نے لکھا ہے:الخطاب للنبی صلی اللّٰہ علیه وآلہٖ وسلم وتدخل فیه امته من بعدہ.الجامع لاحکام القران جلد:۴،ص:۱۲۹)

(۵۴) سورۃ الاحزاب کی آیت:۴۵کے تحت مولانا مودودی نے لکھا ہے مسلمانوں کو نصیحت کرنے کے بعداب اللہ تعالیٰ اپنے نبی کوخطاب کر کے چند کلمات تسکین ارشادفرماتا ہے مقصودِکلام یہ ہے کہ آپ کوہم نے یہ کچھ مراتب عالیہ بخشے ہیں آپ کی شخصیت اس سے بہت بلند ہے کہ یہ مخالفین اپنے بہتان وافترا کے طوفان اٹھا کرآپ کا کچھ بگاڑ سکیں لہٰذا آپ نہ ان کی شرارتوں سے رنجیدہ ہوں اورنہ ان کے پروپیگنڈے کوپرکاہ کے برابر بھی کوئی وقعت دیں۔اپنے فرائض منصبی ادا کئے جائیں اورانہیں جو کچھ ان کا جی چاہے بکنے دیجئے۔(تفہیم القرآن،جلد۴،ص:۱۰۵)

ذمہ داریوں کے حوالہ سے تفصیلات ضیاء القران سورۃ الاحزاب کی پہلی آیت کی تفسیر میں ملاحظہ فرمائیں اورآپ نے جومعاشرتی اصطلاحات کیں ان کوتفہیم القرآن جلد۴،ص:۶۳ پردیکھیں۔

© rasailojaraid.com